# 31-08-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست میں آئندہ دو دنوں کے دوران شدید بارش کی پیش قیاسی کے پیش نظر چیف سکریٹری شانتی کماری نے کلکٹرس کو ہدایت دی ہے کہ وہ کسی بھی قسم کے جانی یا مالی نقصان کو روکنے کے لئے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

۲۔ خلیج بنگال کے مغربی وسطی اور اس سے متصل علاقوں میں ہوا کے کم دباو کے پیش نظر تلنگانہ میں محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے آج 7 اضلاع اور کل 9 اضلاع کے لئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

۳۔ سائبر آباد پولیس نے شہر حیدر آباد کے مختلف علاقوں میں تالابوں اور جھیلوں پر غیر مجاز قبضوں کی حوصلہ افزائی کرنے پر 6 سرکاری عہدیداروں کے خلاف 2 مقدمات درج کئے ہیں۔

اور

۴۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راو نے ریاست کی کانگریس حکومت کی جانب سے اسکولی تعلیم کو مبینہ طور پر نظر انداز کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راو نے ریاست کی کانگریس حکومت کی جانب سے اسکولی تعلیم کو مبینہ طور پر نظر انداز کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے دعوی کیا کہ موجودہ انتظامیہ عوامی نظام تعلیم کو کمزور کرتے ہوئے غریب اور متوسط طبقہ کے طلبہ کی مدد میں ناکام ہوگیا ہے۔ آج اپنے بیان میں تارک راما راو نے اسکولس کو مستحکم کرنے کے بجائے اسکولس کو بند کرنے پر غور کرنے پر تنقید کی۔ انہوں نے نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری اسکولس میں داخلے سال 2024 میں گذشتہ برس کے مقابلے 2 لاکھ 40 ہزار کم ہوگئے ہیں۔ انہوں نے ریاست میں کانگریس حکومت کے بننے کے بعد عوامی تعلیم سے غلط طور پر نمٹنے کا الزام بھی لگایا۔

☆☆☆

خلیج بنگال کے مغربی وسطی اور اس سے متصل علاقوں میں ہوا کے کم دباو کے پیش نظر تلنگانہ میں محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے آج 7 اضلاع اور کل 9 اضلاع کے لئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ اس کے زیر اثر اضلاع بشمول بھدرادری کوتہ گوڑم، بھوپال پلی، کریم نگر، کھمم، مُلگ، نلگنڈہ اور پداپلی کے علاوہ مزید چند دیگر اضلاع میں آج اور کل شدید سے شدید ترین بارش کا امکان ہے۔ ضلعی حکام کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ چوکس رہیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ انسانی جانوں کا نقصان نہ ہونے پائے۔ اسی دوران آج حیدر آباد، نلگنڈہ، سوریا پیٹ، ورنگل، محبوب آباد، یادادری بھونگیر میں کئی حصوں میں بارش ہو رہی ہے۔

☆☆☆

خلیج بنگال میں ہوا کے کم دباو کے پیش نظر آندھرا پردیش میں شدید بارش ہو رہی ہے۔ کل شب سے مسلسل بارش کے سبب عام زندگی مفلوج

ہوگئی ہے۔شہروں اورٹاؤنس میں سڑکوں پر پانی جمع ہوگیا اورنشیبی علاقے زیرآب آ گئے۔کئی نہر اورجھیل مسلسل بارش کی وجہ سے لبریز ہوگئے۔ریاست بھر کے ضلعی انتظامیہ نے آج اسکولس کو تعطیل کا اعلان کیا۔سڑکوں پر پانی جمع ہونے وجۓ واڑہ میں گاڑیوں کی آمد ورفت متاثر ہوئی۔ضلع کے مغلاج پورم میں مٹی کے تودے کھسک گئے جس کے نتیجہ میں چارافراد ہلاک ہوگئے اور بیشتر دیگرزخمی ہوگئے۔وزیراعلی این چندرابابونائیڈو نے ریاست بھرمیں شدید بارش کے پیش نظرعہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔انہوں نے عہدیداروں کوہدایت دی کہ وہ چوکس رہیں اوردرکار راحت اقدامات انجام دیں۔

☆☆☆

جنوب مغرب مانسون تلنگانہ میں سرگرم ہوگیا ہے۔نارائن پیٹ میں شدید بارش ہوئی۔ساتھ ہی محبوب آباد کے بعض مقامات، ورنگل، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، محبوب نگر، مُلگ، ناگرکرنول، سوریاپیٹ اور ورنگل کے بعض مقامات پر گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بارش ہوئی۔اسی عرصہ کے دوران ریاست کے کئی مقامات پر بارش ہوئی۔

☆☆☆

وزیراعظم مودی نے کہاہے کہ خواتین اوربچوں کے خلاف ظلم سماج کے لئے شدیدتشویش کا سبب ہے تاہم اس کو کافی سنجیدگی کے ساتھ لینے کی ضرورت ہے۔مودی نے کہا کہ خواتین کے خلاف مظالم سے متعلق مقدمات کی سماعت اوراس کے تیزتر فیصلے خواتین کے تحفظ کے لئے اہم تیقن ہے۔وزیراعظم نے نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں ضلعی عدلیہ کے موضوع پردوروزہ قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔مودی نے کہا کہ سپریم کورٹ کے 75 برس نے جمہوریت کی ماں کے طور پر ہندوستان کی عظمت میں اضافہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہاں تک کہ ایمرجنسی کے تاریک دورمیں بھی سپریم کورٹ نے بنیادی حقوق کی طمانیت دی اورقومی یکجہتی کی نگرانی کی۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے 75 برسوں کی تکمیل سے جمہوریت کی ماں کے طور پر ہندوستان کے فخر میں اضافہ ہوا ہے۔

☆☆☆

سائبرآباد پولیس نے شہرحیدرآباد کے مختلف علاقوں میں تالابوں اورجھیلوں پر غیرمجازقبضوں کی حوصلہ افزائی کرنے پر 6 سرکاری عہدیداروں کے خلاف 2 مقدمات درج کئے ہیں۔یہ مقدمات حیدرآباد ڈیزاسٹرریسپانس اینڈ ایسٹس مانٹرنگ اینڈ پروٹکشن (حیدرا) کے کمشنرکی جانب سے ان عہدیداروں کے خلاف کی گئی شکایت کی بنیاد پر درج کئے گئے۔ایک مقدمہ جس کی ایف آئی آر 41/2024 ہے کے تحت پولیس نے چارافرادپی راما کرشنا راومیونسپل کمشنرنظام پیٹ، پھول سنگھ ایم آراوباچوپلی منڈل، کے سرینواسلو اسسٹنٹ ڈائرکٹر(اے ڈی) سروے اینڈ لینڈ ریکارڈس میڑچل ملکاجگری اورسدھیرکمار اسسٹنٹ پلاننگ آفیسر حیدرآباد میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ اتھاریٹی (حمڈا) کوملزمین بنایا ہے۔اپنی شکایت میں کمشنرحیدرا نے الزام لگایا کہ ان عہدیداروں نے اپنے اعلی عہدیداروں اورعدالتوں کوگمراہ کرتے ہوئے نظام پیٹ کے پرگتی نگر کے ایراکنٹہ تالاب میں غیرمجازتعمیرات کی مبینہ اجازت دی تھی۔ایک اورمقدمہ میں پولیس نے ایم راج کمار اسسٹنٹ سٹی پلانرسرکل 21 چندانگرجی ایچ ایم سی اوراین سدھانش ڈپٹی کمشنرسرکل

21 چندانگر کوملزم بنایا ہے کیونکہ وہ ارلہ کنٹہ تالاب کے علاقہ میں غیر مجاز تعمیرات کی اجازت دینے کیلئے ذمہ دار ہیں۔سائبرآباد پولیس کے معاشی جرائم کے شعبہ کی جانب سے ان مقدمات کی جانچ کی جارہی ہے۔

☆☆☆

ریاست میں آئندہ دودنوں کے دوران شدید بارش کی پیش قیاسی کے پیش نظر چیف سکریٹری شانتی کماری نے کلکٹرس کو ہدایت دی ہے کہ وہ کسی بھی قسم کے جانی یا مالی نقصان کو روکنے کے لئے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ ریاست میں جاری شدید بارش کے پیش نظر احتیاطی اقدامات کے سلسلہ میں چیف سکریٹری نے کلکٹرس کے ساتھ ٹیلی کانفرنس منعقد کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کے ساتھ ساتھ سرحدی علاقوں میں بھی شدید بارش ہورہی ہے،کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال کے لئے تیار رہنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ بعض علاقوں میں بادل پھٹنے کے امکانات ہیں۔ ہر ضلع کلکٹر دفتر کے ساتھ ساتھ جی ایچ ایم سی اور ریاستی سکریٹریٹ میں کنٹرول روم کھولا جائے۔ نچلے اور سیلابی علاقوں سے عوام کو باہر نکلنے سے روکنے کے لئے مناسب نگرانی کی جائے۔خاص طور پر بالخصوص ندیوں کے قریب جن کا تیز بہاو ہے وہاں پر ایک عہدیدار کو تعینات کیا جائے۔ بارش کے پیش نظر اسکول کو تعطیل کا اعلان کرنے کا فیصلہ کلکٹرس پر چھوڑا گیا۔سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے عوام کو محفوظ طور پر بازآبا کاری کیمپس منتقل کرنے منصوبہ بندی تیار کی جائے۔ چیف سکریٹری نے کہا کہ شدید بارش اور سیلاب کی صورتحال سے عوام کو میڈیا کے ذریعہ آگاہ رکھا جائے۔ دیہاتوں اور شہروں میں صاف پانی کے ذرائع جیسے تالابوں کو آلودہ ہونے سے بچانے کے لئے مناسب اقدامات کئے جائیں۔ساتھ ہی بیماریوں کی روک تھام، بلیچنگ پاوڈر کا چھڑکاو کیا جائے۔طبی ٹیموں کو چوکنا رکھا جائے۔انہوں نے کہا کہ این ڈی آر ایف کی ٹیمیں حیدرآباد اور وجئے واڑہ میں ہیں،ضرورت پڑنے پر پیشگی اطلاع پر ان ٹیموں کو بھیجا جاسکتا ہے۔انہوں نے کلکٹرس کو ہدایت دی کہ اپنے متعلقہ ضلع میں پولیس،آبپاشی،ڈیزاسٹر مینجمنٹ اور پنچایت راج کے علاوہ دیگر محکموں کے ساتھ تال میل کے ذریعہ کام کریں۔ حیدرآباد میں مانسون ایمرجنسی ٹیموں کو چوکس کرنے کے ساتھ ساتھ مین ہولس کو کھلا رکھنے سے روکنے کے لئے نگرانی کی ہدایت دی گئی۔

☆☆☆

ناگر کرنول کے رکن پارلیمنٹ ملوروی نے ریلوے وزیر اشونی ویشنو پر زور دیا کہ وہ جڑ چرلہ سے نندیال براہ ناگر کرنول،کولہا پور ٹاونس لنک ریل لائن کا آغاز کریں۔انہوں نے وزیر ریلوے کو لکھے گئے مکتوب میں کہا کہ اِس لنک لائن سے پسماندہ علاقہ کی سماجی،معاشی ترقی میں بہتری ہوسکے گی۔